29اپریل2021ء

# روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ایک ارب ڈالر کا سنگ میل عبور کرنے اور 'روشن اپنی کار' اور 'روشن سماجی خدمت' کے افتتاح کے موقعے پر تقریب،

# وزیر اعظم نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں، بینکوں اور اسٹیٹ بینک کے تعاون کو سراہا

وزیر اعظم عمران خان نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آرڈی اے) پر بھرپور ردعمل ظاہر کرنے پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کا تعاون اور اعتماد کا ووٹ بہت کم وقت میں اس اقدام کو بڑی کامیابی عطا کرنے میں بنیادی حیثیت کا حامل رہا ہے۔ وہ وزرا، کار ساز اداروں اور بیمہ کمپنیوں کے سی ای اوز، معروف فلاحی اداروں کے سربراہان، بینکوں کے صدور، اسٹیٹ بینک کے افسران اور دیگر مہمانان گرامی کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ تقریب آرڈی اے ڈپازٹس کے ایک ارب ڈالر کی حد عبور کرنے اور آرڈی اے کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے بطور خاص تیار کردہ دو مزید پراڈکٹس — روشن اپنی کار اور روشن سماجی خدمت — کا افتتاح کرنے کے لیے منعقد کی گئی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ آرڈی اے کی کامیابی اور اس اسکیم کے تحت مزید پراڈکٹس کے اضافے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر سرکاری و نجی شعبے تعاون کے جذبے سے مل کر کام کریں تو کوئی بھی منصوبہ ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔

وزیر اعظم نے آرڈی اے کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو پاکستانی بینکاری نظام اور معیشت سے ڈیجیٹل طور پر منسلک کرنے میں بینک دولت پاکستان اور بینکاری صنعت کے آؤٹ آف دی باکس طرزِ فکر کو سراہا۔ انہوں نے مسلسل اختراع کے اس عمل کی تعریف کی جو وہ 'روشن اپنی کار' اور 'روشن سماجی خدمات' مصنوعات کے اضافے کے ذریعے کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ 'روشن اپنی کار' اقدام نہ صرف بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو پاکستان میں اپنے اعزہ واقارب کی ضروریات پوری کرنے میں مدد دے گا بلکہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اپنے صدقہ و خیرات کے اہداف اور زکوۃ کے فرائض پورے کرنے کے حوالے سے ایک باسہولت ''ون اسٹاپ عطیات پلیٹ فارم'' کا کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے صدقہ و خیرات دینے کے بھرپور جذبے کو سراہا جس کا ثبوت انہوں نے بار بار دیا ہے اور کہا کہ ان اضافی رقوم سے سماجی شعبے کے اداروں اور این جی اوز کو پاکستان میں ضرورت مند افراد کی اور زیادہ بڑی تعداد کو امداد فراہم کی جاسکے گی۔ وزیر اعظم نے اس امر پر بطورِ خاص خوشی کا اظہار کیا کہ اب پہلی بار بیرون ملک مقیم پاکستانی 'روشن سماجی خدمت' کے ذریعے حکومت کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تخفیف غربت کے پروگرام 'احساس' میں حصہ ڈال سکیں گے۔

اپنے خیر مقدمی خطاب میں گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر رضا باقر نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو مالی خدمات سے منسلک کرنے کے وژن اور ان کی مسلسل حوصلہ افزائی اور رہنمائی کرنے پر عزت مآب وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج وہ اس بات پر فخر محسوس کر رہے ہیں کہ بینکوں نے بہت مختصر مدت میں آرڈی اے کے ذریعے ڈپازٹس میں ایک ارب ڈالر وصول کیے۔ ستمبر 2020ء میں آرڈی اے متعارف کرنے کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 500 ملین ڈالر وصول کرنے کا پہلا اہم سنگِ میل پانچ مہینوں بعد حاصل کر لیا گیا تھا۔ اس کے صرف دو مہینوں بعد ایک ارب ڈالر کی سطح حاصل کر لی گئی جو رقوم کی آمد میں اضافے کی رفتار کو ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کے 170 ممالک میں 120,000 روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولے جاچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اکاؤنٹس کے ذریعے ڈپازٹس کی موصولی زرمبادلہ رقوم کی آمد کا نیا ذریعہ فراہم کر رہی ہے جس سے پاکستان کے زرِمبادلہ کے ذخائر اور توازن ادائیگی کو بہتر بنانے میں مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے بینکوں اور اسٹیٹ بینک دونوں کے تمام عملے اور سینئر انتظامیہ کی محنت کو سراہا اور کہا کہ اس اقدام کی کامیابی میں ان کی لگن اور مسلسل اختراع کے جذبے نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو لائف اسٹائل بینکاری مصنوعات کی پیشکش کے لیے بنایا گیا ہے، جن میں رقم ڈپازٹ کرانے کی سہولتیں، نیا پاکستان سرٹیفکیٹس، اسٹاک مارکیٹ اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع کے ساتھ ساتھ ادائیگی کی دیگر روزمرہ سہولتیں شامل ہیں۔ ان لائف اسٹائل مصنوعات میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے، آج ہونے والا 'روشن اپنی کار' اور 'روشن سماجی خدمت' کا افتتاح اس کی ایک تازہ ترین مثال ہے۔

'روشن اپنی کار' کو بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے تشکیل دیا گیا ہے، جو کئی امتیازی خصوصیات کا حامل ہے۔ بینکاری صنعت کی تاریخ میں پہلی مرتبہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ ہولڈر پاکستان میں اپنے اعزہ واقارب کے لیے کار فنانسنگ کی خاطر ڈیجیٹل طور پر درخواست دے سکیں گے جس کی پراسیسنگ تیزی سے ہو گی۔ فنانسنگ اور بیمہ روایتی اور شریعت سے ہم آہنگ دونوں صورتوں میں نہایت پُرکشش شرحوں پر دستیاب ہو گا۔ مزید برآں، کار ساز اداروں نے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے کاروں کی فراہمی کے وقت میں کافی حد تک کمی کا عزم ظاہر کیا ہے۔

'روشن سماجی خدمت' بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے ایک ون اسٹاپ پیمنٹ پلیٹ فارم ہے تاکہ انہیں پاکستان میں بڑے فلاحی اداروں، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں کو عطیات دینے کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ کی ادائیگی میں بھی مدد مل سکے۔ اسٹیٹ بینک ان نجی اداروں کے ساتھ وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے تخفیفِ غربت اور سماجی تحفظ ڈاکٹر ثانیہ نشتر اور ان کی ٹیم کے ساتھ غربت کے خاتمے کے لیے اہم حکومتی اقدام 'احساس' پروگرام کو 'روشن سماجی خدمت' پورٹل کے ساتھ مربوط کرنے کے لیے بھی تندہی سے مصروفِ عمل ہے۔ نتیجتاً، غربت کے خاتمے کے لیے عالمی طور پر تسلیم شدہ پروگرام میں انفرادی شرکت ممکن بنائی جارہی ہے۔ 'روشن سماجی خدمت' کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اس پروگرام میں براہِ راست عطیات جمع کرانے کا موقع فراہم کیا جارہا ہے۔ اس طرح وہ اپنے کروڑوں ہم وطنوں کو غربت کی دلدل سے نکالنے کے لیے حکومتی کوششوں میں نہایت معاون ثابت ہوں گے۔

*****